پروفیسر موصوف نے قومی کارکردگی کے جس پہلو کی تشویش کے انداز میں نشاندہی کی ہے۔ انہیں اپنے آٹھ ماہ کے دورِ اقتدار میں بھی اس طرف توجہ دینی چاہئے تھی اگر اس منفی رجحان کو روکنے کے لیے انہوں نے کوئی ٹھوس منصوبہ مرتب کیا ہوتا تو آج مسئلہ محض حالات کا تجزیہ کرنے تک محدود نہ رہتا۔ اس رجحان کی طرف کئی ذمہ دار اور ہوشمند حلقے بھی توجہ دلا چکے ہیں۔ اور اس کا ابھی تک صرف یہ اثر ہوا ہے کہ باہر جانے والے پاکستانی کچھ ملی بھرتی ایجنٹوں کو جو "باضابطہ معاوضہ" دیتے ہیں، اس کا ایک حصہ (ساڑھے پانچ سو روپے فی کس) اب ایک ایسے فنڈ میں جمع کیا جا رہا ہے، جسے ان افراد کی فلاح و بہبود کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ یہ اپنی جگہ ایک اچھی اور مفید تدبیر ہے۔ لیکن پروفیسر خورشید احمد نے اب جس پہلو کی نشاندہی کی ہے، وہ نہ صرف بدرجہا اہم اور بنیادی ہے، اس سے مزید غفلت ملک کے ساتھ باہر جانے والے پاکستانیوں کے لئے بھی ناقابل بیان مشکلات کا باعث بن سکتی ہے۔ انہوں نے اس ضمن میں جنگ کوریا کے زمانے کی جو مثال دی ہے، وہ صرف درست ہی نہیں، اربابِ حکومت اور سرکاری ماہرین مالیات و معیشت کے لیے لمحۂ فکریہ بھی ہے۔ دوسری عالمی جنگ کے خاتمے کے صرف چند سال بعد جب کوریا میں جنگ شروع ہوئی تھی، تو خام مال (روئی، اون، خوراک کی اشیاء وغیرہ) کی مانگ میں یک لخت اضافہ ہو گیا تھا۔ اس زمانے میں پاکستان میں ابھی پارچہ بافی کی صنعت قائم نہیں ہوئی تھی، اور خوراک کے معاملے میں بھی ملک خودکفیل تھا۔ چنانچہ دو تین سال تک روئی وغیرہ کی برآمد سے پاکستان نے بہت زیادہ زرمبادلہ کمایا۔ لیکن اسے صنعتوں کے قیام کے بجائے روزمرہ ضروریات کی درآمد کے لیے استعمال کر لیا گیا۔ اس زمانے میں یہ لطیفہ بھی زبان زد خاص و عام ہو گیا تھا کہ پاکستان نے اتنے لاکھ یا کروڑ روپے کی بالٹیاں بھی درآمد کی ہیں۔ لیکن ہوشمندی کا احساس ابھرنے سے قبل ہی کوریا میں جنگ بند ہو گئی، اور روئی وغیرہ کی صورت میں خام مال کی برآمد سے زرمبادلہ کی آمدنی کا سیلاب آسا سلسلہ بھی رک گیا۔ اس تجربے سے جو سبق ملا تھا، اس سے فائدہ اٹھا کر سرکاری شعبے میں صنعتی ترقیاتی کارپوریشن قائم کی گئی، جس نے نہ صرف کئی بڑے صنعتی ادارے قائم کیے، بلکہ اس کے بنا کردہ جن کارخانوں میں

نجی شعبے نے دلچسپی اور کشش ظاہر کی، وہ اس کے ہاتھ فروخت بھی کر دیئے گئے۔ اس طرح ملک میں صنعتی ترقی کی داغ بیل ضرور پڑ گئی، لیکن بعد میں کئی سال تک بڑی حسرت کے انداز میں یہ ذکر ہوتا رہا کہ اگر صنعتی ترقی کا یہ سلسلہ جنگ کوریا کی وجہ سے زرمبادلہ کا سیلاب آتے ہی شروع کر دیا جاتا، تو ملک کے لیے کس قدر بہتر اور مفید ہوتا؟

گیا وقت تو کبھی واپس نہیں آتا، باہر جانے والے پاکستانی ملک کے لئے جو زرمبادلہ (بارہ، تیرہ ارب روپے سالانہ) کما رہے ہیں، اگر اسے صرف روزمرہ ضروریات کی درآمد پر خرچ نہ ہونے دیا جائے، بلکہ اسے پیداواری ذرائع بڑھانے کے لئے بھی استعمال کرنے کی فکر و تدبیر کی جائے، تو چند سال بعد جب بیرونی ملکوں میں پاکستانی ہنرمندوں اور محنت کشوں کی مانگ میں کمی کا سلسلہ شروع ہوگا اور یہ لوگ واپس آنے پر مجبور ہوں گے تو انہیں اپنے ہنر اور تجربہ کے مطابق روزگار مل سکے گا۔

عام سطح پر تو اس وقت صرف (اور ہر قیمت پر) باہر جانے کے شوق اور کشش نے بلاشبہ جنون کی کیفیت حاصل کر لی ہے، لیکن یہ بہار سدا نہیں رہے گی، بلکہ ایسے آثار و شواہد بھی اب ناپید نہیں رہے کہ اگر ایران سے ہزاروں پاکستانی وہاں کے حالات کے باعث واپس آنے پر مجبور ہوئے ہیں تو خلیج کی کئی ریاستوں میں بھی تعمیرات و ترقیات کا سلسلہ اس قدر آگے بڑھ چکا ہے کہ وہاں مزید محنت کشوں کی مانگ نہ ہونے کے برابر رہ گئی ہے۔ اس وقت سب سے زیادہ کھپت سعودی عرب میں ہو رہی ہے لیکن وہاں بھی یہ سلسلہ چار پانچ برس تک اپنی آخری حد تک پہنچنے کے بعد سمٹنے لگے گا۔ اس لیے دانش مندی کا یہ تقاضا ہے کہ حکومت صرف زرمبادلہ کی روز افزوں آمدنی سے ہی خوش و مطمئن ہونے پر اکتفا نہ کرے، بلکہ اس بہت بڑی آزمائش اور سنگین صورتِ حال سے بھی عہدہ برآ ہونے کی تیاری اور فکر و تدبیر کرے، جب دوسرے ملکوں میں جانے والے پاکستانیوں کی واپسی کا سیلاب آئے گا۔

باہر جانے والے یہ پاکستانی اپنے لئے آمدنی کے ساتھ ملک و قوم کی بھی بڑی خدمت کر رہے ہیں۔ غیر ملکی تجارت میں موجودہ خسارے (۲۰-۲۲ ارب روپے) کا ایک بڑا حصہ ان کے زرمبادلہ کی آمدنی (۱۲-۱۳ ارب روپے) سے پورا ہو رہا ہے۔ اس اعتبار سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان پاکستانیوں کی بدولت ہی اس وقت ملکی معیشت اپنا سر پانی کی سطح سے اوپر رکھنے میں کامیاب ہو رہی ہے چنانچہ تقاضائے وقت جہاں یہ ہے کہ غیر ملکی تجارت میں خطیر خسارے کو برآمدات میں اضافے سے کم کیا جائے، جس کے لئے کوئی مختصر راستہ (شارٹ کٹ) نہیں ہے بلکہ کھیتوں اور کارخانوں میں پیداوار بڑھانے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ وہاں باہر جانے والے پاکستانی وطن سے ناسازگار حالات میں ملک کی جو خدمت کر رہے ہیں، حکومت نہ صرف ان کا

روزوں کا ثمرہ

نور بصیرت
میاں عبدالرشید

روزوں کا مقصد تقویٰ ہے۔ طبیعت کے اندر نیکی کا ذوق پیدا ہو جاتا ہے۔ نیکی اچھی لگنے لگے۔ برائی سے نفرت ہو جاتی ہے۔ روزوں کا ثمرہ قربِ الٰہی ہے۔ قرآن پاک کی آیت میں اسی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ "اور جب میرے بندے آپ سے میرے متعلق پوچھیں (کہ وہ اللہ تعالیٰ کہاں ہے جو یہ احکام صادر فرماتا ہے) تو (ان سے کہو) میں بالکل قریب ہوں۔ میں پکارنے والے کی پکار (نہ صرف سنتا ہوں بلکہ اس) کا جواب دیتا ہوں (یعنی اسے قبول فرماتا ہوں)۔ پس انہیں بھی چاہئے کہ وہ میری بات مانیں اور مجھ پر یقین رکھیں، تاکہ وہ بھلائی پائیں۔"

ویسے تو اللہ تعالیٰ ہر وقت، ہر جگہ موجود ہیں۔ ہم انہیں دیکھتے اس لیے نہیں کہ ہمارے دلوں پر پردے پڑے ہیں۔ اور وہ ظاہری آنکھوں سے نظر نہیں آتے، بلکہ وہ دل کی آنکھوں سے دکھائی دیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ تو بے حجاب ہیں۔ پردے ہمارے دلوں پر ہیں۔ اور یہ پردے اپنے دلوں پر ہم نے خود ڈالے ہوئے ہیں۔ کسی نے اقتدار کو معبود بنا رکھا ہے۔ کوئی دولت کی دیوی کی پرستش کرتا ہے۔ کوئی جنسی جذبے کا پجاری ہے۔ کسی نے اپنے آپ ہی کو بت بنا رکھا ہے، اپنی پرستش میں لگا ہوا ہے۔ یہی وہ پردے ہیں جو ہمیں حق تعالیٰ کا قرب محسوس نہیں ہونے دیتے۔

روزوں میں ہم اپنی بھوک اور جنسی جذبہ پر کنٹرول کرتے ہیں۔ دوسری طرف اس ماہ کے دوران اللہ تعالیٰ کی رحمت زوروں پر ہوتی ہے۔ تھوڑے سے عمل کا اثر کئی گنا بڑھ جاتا ہے۔ عبادت کی طرف خود بخود طبیعت مائل ہوتی ہے اور اس میں دل لگتا ہے۔ تیسرے ان دنوں بڑے بڑے شیاطین قید کر دیئے جاتے ہیں، جو انسان کی نفسانی خواہشوں کو شہ دیتے اور بھڑکاتے ہیں۔ اس لیے انسان اگر چاہے تو تھوڑے دنوں میں تقویٰ ہی کی بدولت نہ صرف اپنے قلب کو پاک کر سکتا ہے، بلکہ اسے آئینہ کی طرح صاف اور شفاف [illegible]

حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

جب خدا کسی قوم کو پسند کرتا ہے تو اسے کسی مصیبت میں مبتلا کرتا ہے تاکہ صبر کا امتحان لے۔ اللہ جب کسی قوم کی بھلائی چاہتا ہے تو اس کو مشکلات میں مبتلا کرتا ہے۔

صرف یہی نہیں (بلکہ) وہ یہ سکتی ہے کہ ان کی آمدنی کا معتدبہ حصہ پیداواری ذرائع کی ترقی کے لئے مخصوص کر دیا جائے تاکہ ملک کی مجموعی بھلائی کی صورت بھی نکل آئے، اور جب یہ لوگ واپس آئیں، تو اپنے تجربہ، ہنر اور صلاحیت کے مطابق ملک میں روزگار کے وسائل بھی ناپید نہ پائیں۔

روزنامہ نوائے وقت لاہور

(۳۳ ویں برسی کے موقع پر)

معجز بیاں خطیب



بہادر یار جنگؒ

ملت کی سرفرازی کے لئے

اُنہوںؒ نے ہر مصیبت خندہ پیشانی سے قبول کی

تحریر: ڈاکٹر شاہد رزاقی (ریسرچ، انٹاریو)

قائدہ وہ نہیں جو کار خود بیوان کے نقش و نگار بن کر نگاہ نظارہ باز کو خیرہ کرنا چاہتے ہیں۔ بلکہ قائد وہ ہے جو بنیاد کا پتھر بن کر اور مٹی کے نیچے دب کر اپنے سینہ پر عمارت کے قیام اور اس کے استحکام کی ضمانت قبول کرتا ہے۔" یہ ہے مسلمانانِ ہند کی جنگِ آزادی کے ایک عظیم ترین رہنما قائدِ ملت بہادر یار جنگ کا تصورِ قیادت اور ان کی تمام سیاسی زندگی اس نظریہ کی عملی تصویر تھی۔ بہادر یار جنگ کا یہ ایمان تھا کہ "جو سیاست قرآن کے منبعِ فیض سے سیراب نہیں ہوتی وہ سراب سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتی" اور سیاست کے اسی تصور کو سامنے رکھ کر انہوں نے مسلمانوں کی منزلِ مقصود کا تعین کیا اور ان میں حیاتِ اجتماعی کی نسبت وہ صحیح تصور و رجحان پیدا کرنے کی کوشش کرتے رہے جو قوموں کو عزت سے اور محکومیوں کو حکومت سے بدل دیتا ہے اور قیادت و سیاست کا یہی وہ تصور ہے جس نے بہادر یار جنگ کو اپنے دور کے عظیم سیاسی راہنماؤں میں ایک امتیازی مرتبہ بخش دیا۔

بہادر یار جنگ ۲ ذی الحجہ ۱۳۲۲ھ مطابق ۳ فروری ۱۹۰۵ء کو حیدر آباد دکن میں پیدا ہوئے اور ۱۳ رجب ۱۳۶۳ھ (۲۶ جون ۱۹۴۴ء) کو صرف چالیس سال کی عمر میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا لیکن اس مختصری عمر میں بھی انہوں نے عصرِ حاضر کے بہترین مقرر، مسلمانانِ ہند کے ایک ممتاز ترین رہنما، مسلم لیگ اور تحریکِ پاکستان کے جانباز مجاہد اور اتحاد ملی و اخوتِ اسلامی کے پرجوش علمبردار کی حیثیت سے جو غیر معمولی شہرت و مقبولیت حاصل کی وہ بہت کم رہنماؤں کو نصیب ہوئی۔

بہادر یار جنگ کا تعلق حیدر آباد دکن کے ایک جاگیردار خاندان سے تھا اور ان کی پرورش بہت ناز برداری کے ساتھ ہوئی لیکن قدرت نے ان کو ایسی بیدار روح، روشن ضمیر حقیقت بیں نظر عطا کی تھی کہ دولت کا نشہ ان کی آنکھوں کو خیرہ نہ کر سکا اور جن صحیح اصولوں پر ان کی تعلیم و تربیت ہوئی ان کی بدولت وہ زندگی کی حقیقتوں اور عصرِ حاضر کے تقاضوں سے پوری طرح باخبر ہو گئے۔ ان کی نگاہِ حقیقت شناس بن گئی کورانہ تقلید کی بجائے ان میں غور و فکر کی صلاحیت پیدا ہوئی اور انہوں نے زندگی کے ان اصولوں اور نظریوں کو اختیار کیا جو معاشرے کی فلاح و ترقی کے ضامن ہوں اور ملی مقاصد کے تعین اور ان کے حصول میں پوری مدد دے سکیں۔

بہادر یار جنگ کی زبردست مقبولیت اور عظیم شہرت میں ان کے کمالِ خطابت کا بڑا اہم حصہ ہے۔ وہ سحر بیان مقرر تھے اور ملی مقاصد کی اشاعت کے لئے انہوں نے اپنی اسی خداداد صلاحیت سے بہت کام لیا۔ ان کو ابتداء ہی سے تقریر کرنے کا شوق تھا اور اسکول میں تعلیم کے زمانے میں انہوں نے ایک انجمن تقاریر قائم کی تھی جہاں تقریری مشقیں اور مقابلے ہوتے تھے۔ رفتہ رفتہ چھوٹے چھوٹے اجتماعوں میں تقریریں کرنے لگے اور تھوڑے ہی عرصہ میں اتنی شہرت ہو گئی کہ بڑے بڑے اجتماعوں کو خطاب کرنے کی دعوتیں آنے لگیں۔ ۱۹۳۰ء میں بہادر یار جنگ نے اسلامی ممالک کا سفر کیا تھا اور واپس آنے کے بعد انہوں نے عام جلسوں میں اپنے تاثرات سحر بیان کئے تھے۔ ان جلسوں میں ہزاروں لوگ شریک ہوتے تھے اور یہ اس قدر مقبول ہوئے کہ ایک زبردست مقرر کی حیثیت سے بہادر یار جنگ کی شہرت سارے ملک میں پھیل گئی۔ اس کے بعد بہادر یار جنگ نے اسلامی تعلیمات کی اشاعت کے لئے میلاد النبیؐ کے جلسوں میں زبردست تحریک شروع کی۔ یہ عظیم الشان جلسے نہایت ترتیب و تنظیم اور بڑے اہتمام کے ساتھ کئے جاتے تھے اور بہادر یار جنگ اپنی تقریروں میں اسلامی تعلیمات کی تشریح نہایت دلکش انداز میں کرتے تھے اس طرح یہ جلسے اسلامی مقاصد کی اشاعت اور ملی بیداری پیدا کرنے کا موثر اور کامیاب ذریعہ بن گئے۔

حیدر آباد میں مسلمان معمولی اقلیت تھے اور بدلتے ہوئے حالات میں یہ قلتِ تعداد روز افزوں خطرات پیدا کر رہی تھی۔ بہادر یار جنگ کو اس بات کا بہت افسوس تھا کہ ہندوستان فتح کرنے اور حکمران بننے کے بعد مسلمانوں نے اسلام کی تبلیغ کا فرض بھلا دیا اور دکن میں اسلام کی روشنی بہت ہی کم پھیلی۔ انہوں نے تبلیغِ اسلام کا نہایت جامع منصوبہ بنایا اور اپنے آپ کو اس مقصد کے لئے وقف کر دیا۔ چنانچہ صرف تین سال کے مختصر عرصہ میں انہوں نے ساٹھ ہزار اچھوتوں کو مسلمان کیا اور ان کی تعلیم و تربیت اور روزگار کا مستقل انتظام کیا تاکہ وہ اسلام کو اچھی طرح سمجھ لیں اور اقتصادی مشکلات کا شکار نہ ہوں۔ یہ زمانہ بہادر یار جنگ کی زندگی کا ایک خاص دور تھا جس کی یاد ان کو ہمیشہ بے قرار کر دیتی تھی۔ اگرچہ اس فرض کی انجام دہی میں ان کو طرح طرح کی تکلیفیں برداشت کرنی پڑتی تھیں لیکن وہ اس زندگی کو بہترین کہا کرتے تھے اور انہیں اس بات کا افسوس تھا کہ حیدر آباد کے بدلتے ہوئے سیاسی حالات نے ان کو اپنی ساری توجہ سیاسیات پر مرکوز کرنے پر مجبور کر دیا اور تبلیغ کی زندگی ترک کرنا پڑی۔

مسلمانوں کے مختلف فرقوں میں اتحاد و اتفاق پیدا کرنے کے لئے ۱۹۲۷ء میں ایک جماعت اتحاد المسلمین کے نام سے قائم ہوئی تھی جس کی سرگرمیاں بہت ہی محدود تھیں اور اس وقت کے حالات میں اس کا وجود کوئی خاص اہمیت نہ رکھتا تھا۔ حیدر آباد کی فضا بالکل ساکت و جامد تھی اور وہاں کسی قسم کا سیاسی شعور یا ہیجان پیدا کرنے والی کوئی تحریک موجود نہ تھی لیکن جب بہادر یار جنگ مجلس اتحاد المسلمین کے صدر ہوئے تو دیکھتے ہی دیکھتے یہ جماعت ایک زبردست قوت بن گئی۔ ۱۹۳۵ء کے قانون حکومتِ ہند میں جن اصولوں کو دستوری تبدیلیوں کی اساس قرار دیا گیا تھا ان کے مطابق اکثریت کی حکومت کا تصور مسلمانوں کے لئے زبردست خطرہ بن گیا۔ انڈین نیشنل کانگریس اور دوسری ہندو تنظیمیں پورے ملک پر دائمی ہندو اکثریت کی حکومت قائم کرنے اور مسلمانوں کو محکوم بنانے کے منصوبے تیار کرنے لگیں۔ چنانچہ حیدر آباد میں بھی کانگریس کے اشارے پر آریہ سماجیوں نے ستیہ گرہ شروع کی اور فرقہ وارانہ فسادات برپا کرنے کی کوشش کرنے لگے۔ حیدر آباد کے وزیر اعظم سر اکبر حیدری ہندوؤں سے بہت مرعوب و متاثر تھے اور انہوں نے ریاست میں ایسی آئینی اصلاحات کا سلسلہ شروع کر دیا جو مسلم مفادات کے لئے تباہ کن تھیں۔ اس طرح حیدر آباد کی سیاسی زندگی میں ایک زبردست ہیجان پیدا ہو گیا۔ بہادر یار جنگ نے حالات کی نزاکت کو پوری طرح محسوس کیا اور ان کی قیادت میں اتحاد المسلمین بڑی شدت سے ملک کی سیاست میں حصہ لینے لگی۔ بہادر یار جنگ کی بے نظیر قوتِ عمل، خیالات کی خداداد صلاحیت، خلوص و صداقت اور سحرِ خطابت نے مسلمانوں کو بیدار کر دیا۔ اور وہ اپنے حقوق کی حفاظت کے لئے سینہ سپر ہو گئے۔ دکن میں مسلمانوں کے اقتدار کو برقرار رکھنے کی جدوجہد میں بہادر یار جنگ کو خود نظامِ دکن اور ان کی حکومت کی شدید مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ اور یہ کشمکش اس قدر بڑھ گئی کہ بہادر یار جنگ اپنے خطاب، منصب اور جاگیر سے دست بردار ہو گئے اور طرح طرح کی پابندیاں، سختیاں اور مصیبتیں برداشت کرتے رہے لیکن اپنے مقصد سے ذرہ برابر بھی نہ ہٹے۔ آخر کار سازشی ہاتھوں کے انتقام نے ان کی زندگی ختم کر دی اور حیدر آباد کی قسمت پلٹ گئی۔

بہادر یار جنگ کی سرگرمیاں صرف حیدر آباد تک ہی محدود نہیں رہیں۔ ان کا دائرۂ عمل دن بدن وسیع تر ہوتا گیا۔ یہاں تک کہ وہ مسلم عوام کے محبوب ترین قائد ہو گئے اور ہندوستان کا گوشہ گوشہ ان کی تقریروں سے گونجنے لگا۔ مسلم لیگ کے اجلاس پٹنہ میں بہادر یار جنگ اس لئے تقریر نہ کر سکے تھے کہ ریاستیں مسلم لیگ کی تنظیم سے باہر تھیں لیکن اس کے بعد صرف چند ماہ کے اندر ان کی اہمیت اس قدر ہو گئی کہ خود قائد اعظم نے ان کو دعوت دی کہ وہ بمبئی میں مسلم لیگ کی کونسل کو خطاب کریں۔ اور پھر لاہور، مدراس، الہ آباد، کراچی ہر جگہ مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس کے اختتام پر بہادر یار جنگ کی تقریر ان جلسوں کی ایسی ہی اہم اور نمایاں خصوصیت ہو گئی جیسے کہ قائد اعظم کا خطبۂ صدارت۔ دیکھتے ہی دیکھتے بہادر یار جنگ مسلم لیگ کے ایک ممتاز ترین رہنما بن گئے اور مسلم لیگ کی تنظیم اور اس کے مقاصد کی اشاعت کے لئے ہندوستان کے مختلف صوبوں کے وسیع دورے کرتے تھے۔ ۱۹۳۸ء میں بہادر یار جنگ نے قائد اعظم سے مشورہ کر کے کل ہند ریاستی مسلم لیگ قائم کی۔ مختلف ریاستوں کا دورہ کر کے وہاں مسلم لیگ کی مقامی جماعتوں کو منظم کیا اور ریاستی مسلمانوں کو ریاستی مسلم لیگ کے ذریعہ کل ہند مسلم لیگ اور تحریکِ پاکستان سے مربوط و منسلک کر دیا۔

بہادر یار جنگ کا سحرِ خطابت مسلم لیگ کا نہایت کامیاب حربہ بن گیا اور ان کے خلوص اور جذبۂ خدمتِ ملی نے ہر ایک دل میں جگہ پیدا کر لی۔ ان کی ہمہ گیر مقبولیت دوسرے لیڈروں کے لئے قابلِ رشک بن گئی اور ان کی ذات سے مسلم لیگ، پاکستان اور ملتِ اسلامیہ کے مستقبل کی بڑی بڑی توقعات وابستہ کی جانے لگیں۔ قائد اعظم ان کے خلوص و صداقت اور قیادت کی خداداد صلاحیت سے بخوبی واقف اور متاثر تھے اور دل سے ان کی قدر کرتے تھے اور انہیں انتہائی محبوب رکھتے تھے۔ قائد اعظم کی طرف سے بہادر یار جنگ کی جو قدر و منزلت تھی وہ کسی اور قائد کو نصیب نہ ہو سکی۔ بہادر یار جنگ کو بھی اپنے سیاسی رہنما اور سردار سے والہانہ محبت و عقیدت تھی۔ وہ ہر اہم قدم اپنے قائد کی اطلاع اور مشورے سے اٹھاتے تھے اور ان کے ہر حکم کی تعمیل کرنا اپنا فرض سمجھتے تھے۔ وہ اپنی تقریروں اور گفتگو میں قائد اعظم کا ذکر بڑی محبت و عقیدت کے ساتھ کرتے تھے اور بار بار اعلان کرتے تھے کہ اگر کسی کی عمر کسی کو مل سکتی ہے تو خدا میری عمر قائد اعظم کی عمر میں جوڑ دے تاکہ پاکستان کے حصول اور اس کی خدمت کا ان کو زیادہ سے زیادہ موقع ملے۔

بہادر یار جنگ قائد بھی تھے، مقرر بھی اور سیاست داں بھی لیکن ان کی تمام سرگرمیوں کی تہ میں ان کا جذبۂ ایمانی کارفرما تھا۔ وہ مسائل پر اسلامی نقطۂ نظر سے غور کرتے اور اسی روشنی میں دیکھتے تھے۔ چنانچہ جب انہیں مسلم لیگ کی قیادت میں ایک ممتاز ترین مرتبہ حاصل ہو گیا اور وہ اسلامیانِ ہند کے ایک محبوب ترین قائد بن گئے تو انہوں نے مسلم لیگ کی سیاست کو بھی اسلام کے بتلائے ہوئے راستے پر گامزن کرنے کی جدوجہد شروع کر دی۔ وہ یہ چاہتے تھے کہ مسلم لیگ کی سیاسی جدوجہد کا سرچشمہ صرف مغربی افکار و نظریات نہ ہوں بلکہ وہ

> بہادر یار جنگ
> قائد بھی تھے
> مقرر بھی
> اور سیاستداں بھی
> لیکن ان کی تمام سرگرمیوں کی
> تہ میں ان کا جذبۂ ایمانی
> کارفرما تھا۔ وہ مسائل پر اسلامی
> نقطۂ نظر سے
> غور کرتے اور
> اسی روشنی میں
> دیکھتے تھے۔۔۔!

ان حدود سے آگے بڑھ کر اپنی تنظیم میں ایمانی قوت بھی پیدا کرے اور اس کے نصب العین کی اساس اسلامی تصورات ہوں۔ چنانچہ وہ اس مقصد کو ذہن نشین کرنے کے لئے پوری جدوجہد کرنے لگے تاکہ مسلم لیگ جب اپنے نصب العین ـــــ پاکستان ـــــ کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے تو وہ اس سرزمین کو صحیح معنوں میں پاکستان بنا سکے۔ اور پاکستان کے متعلق ان کا یہ تصور تھا کہ پاکستان ایک انقلاب ہو گا۔ ایک نشاۃِ ثانیہ ہو گی، ایک حیاتِ نو ہو گی جس میں خوابیدہ تصوراتِ اسلامی ایک مرتبہ پھر جاگیں گے اقدارِ اسلامی ایک مرتبہ پھر کرہ شعلے گی۔"

بہادر یار جنگ علامہ اقبال کے شیدائی تھے اور ان کے افکار و نظریات سے بہت زیادہ متاثر ہوئے تھے۔ چنانچہ اکتوبر ۱۹۳۸ء میں انہوں نے قائد اعظم کو یہ مشورہ دیا تھا کہ مسلم لیگ علامہ اقبال کے تصور کو نصب العین کے طور پر اختیار کرے۔ اور ۱۹۴۰ء میں جب مسلم لیگ نے پاکستان کے قیام کو اپنا نصب العین قرار دیا تو بہادر یار جنگ تحریکِ پاکستان کے بہت بڑے علمبردار اور مجاہد بن گئے اور ان کی انتھک کوششوں اور تقریروں نے اس تصور کو ہمہ گیر مقبولیت بخش دی۔ بہادر یار جنگ نے جب یہ دیکھا کہ پاکستان کی منزل قریب تر آ رہی ہے، تو وہ پوری قوت کے ساتھ اور ہر مناسب موقع پر یہ بات ذہن نشین کرنے لگے کہ اس تحریک کا اصل مقصد اسلامی نظامِ حیات کی تجدید ہے تاکہ یہ تحریک غلط راستے پر نہ جا پڑے۔

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے بہادر یار جنگ نے دو منزلوں کا تعین کیا تھا۔ ایک تو ذہنی انقلاب اور دوسرے اسلامی نظامِ حیات کا آغاز۔ ذہنی انقلاب کی منزل طے کرنے کے لیے انہوں نے یہ لازمی قرار دیا کہ نظامِ تعلیم کی بنیاد کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہؐ پر ہو تاکہ بچوں کو صحیح معنوں میں مسلمان بنا کر ان کی تربیت کی جا سکے اور اسلامی نظامِ حیات کی منزل طے کرنے کے لیے یہ ضروری قرار دیا کہ زندگی کے ہر شعبہ کی تعمیر اسلامی اصولوں کے مطابق ہو۔ اور سیاسی و معاشی نظام، اخلاق و عادات اور تہذیب و ثقافت کو اسلامی سانچوں میں ڈھالا جائے تاکہ "ذہن و فکر اور قول و عمل کی وہ ناپاکی دور ہو جائے جو انسان و انسانیت کی تباہی کا باعث بن جاتی ہے اور پاکستان صحیح معنوں میں پاک انسانوں کی پاک سرزمین بن کر دنیا کے سامنے مساوی جمہوریت اور اسلامی زندگی کا قابلِ تقلید نمونہ پیش کر سکے۔"

بہادر یار جنگ ملتِ اسلامیہ ہند کی جنگِ آزادی کے ایک عظیم ترین رہنما تھے انہوں نے اپنی زندگی اور خداداد صلاحیتیں ملی مقاصد کے لیے وقف کر دی تھیں۔ اور ان کی عظیم خدمات نے ملت کے قلوب میں وہ لازوال محبت پیدا کر دی ہے جو ان کی یاد کو ہمیشہ تازہ رکھے گی۔ انہوں نے ملت کے سامنے قیادت کی نہایت اعلیٰ مثال پیش کی ہے اور ان کی یاد کے ساتھ ہی اقبال کا یہ شعر یاد آ جاتا ہے:

> نگہ بلند، سخن دلنواز، جاں پرسوز
> یہی ہے رختِ سفر میرِ کارواں کے لیے



۱۹۳۷ء - (بائیں سے دائیں) نواب بہادر یار جنگ، سر سکندر حیات خان، ابو الحسن سید علی

بنگلہ دیش سے ایک ہزار سات سو پاکستانی کراچی پہنچ گئے رقت انگیز مناظر

برسوں کے بچھڑے ہوئے بغلگیر ہوئے تو بے اختیار ہچکیاں بندھ گئیں۔ ہر شخص کی آنکھیں پُر نم تھیں سرزمین پاک پر قدم رکھتے ہی اللہ اکبر اور پاکستان زندہ باد کے پُرجوش نعرے



۶ ستمبر کو پاکستان پر بھارتی حملے کی پیشگی اطلاع کو جان بُوجھ کر صدر ایوب تک نہیں پہنچایا گیا تھا

بھارتی حملے کی تاریخ سے پاکستانی ہائی کمشنر نے ۴ ستمبر کو دفتر خارجہ کو آگاہ کر دیا تھا

عوامی حلقوں کی طرف سے اس انتہائی سنگین مجرمانہ سازش کے حقائق سے قوم کو آگاہ کرنے کا مطالبہ

راولپنڈی ۔۔۔۔ رشاف رپورٹر پاک فضائیہ کے سابق سربراہ اور تحریک استقلال کے چیئرمین ریٹائرڈ ایئر مارشل اصغر خان نے ۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ کے بارے میں ...

ہر خاندان کو ۳ سو روپے اور کورنگی میں ۱۲۰ گز کے پلاٹ کے الاٹمنٹ دیئے گئے

جانے پناہ گزینوں اور لیبوں کا خصوصی انتظام مرکزی و صوبائی حکومتوں نے ملازمت اور امداد کے کاغذات دیئے

کراچی ۔۔۔۔ اسٹاف رپورٹر ...



بنگلہ دیش سے آنے والی ایک خاتون اپنے بچے کے ساتھ۔ اس کا دُنیا میں کوئی نہیں ہے ۔۔۔۔ (تصویر جسارت)



وفاقی وزیر جاوید ہاشمی کابینہ سے مستعفی ہو گئے

موجودہ حکومت عوامی نمائندوں کو اقتدار منتقل کرنے میں مخلص ہے

اسلام آباد ۔۔۔۔ (اے پی پی) ثقافت و سیاحت کے وفاقی وزیر مسٹر جاوید ہاشمی نے وفاقی کابینہ سے مستعفی ہونے کا اعلان کر دیا ہے ...

کوثر نیازی ۲۶ ستمبر کو ... پہنچ گئے

احمد بن بلا کی ۱۳ سالہ نظر بندی ختم

الجزیرہ ۔۔۔۔ (اے پی پی / اے ایف پی) الجزائر کے سابق صدر احمد بن بلا کی ۱۳ سالہ نظر بندی کا حکم واپس لینے کا آج اعلان کر دیا گیا ...

پیپلز پارٹی پنجاب کے شیخ رشید اور کھر گروپ میں شدید اختلافات پیدا ہو گئے

شیخ محمد رشید، ڈاکٹر غلام حسین اور فاروق لغاری کو بے نظیر بھٹو کی ہدایت بھی ناگوار گزری ہے

۳۰ ہزار سے زائد بھارتی مسلمان بنگلہ دیش پہنچ چکے ہیں

جبر، اغوا اور زخمی حسین، لوٹ مار، آتش زنی اور تشدد سے مغربی بنگال کے اہم دیہات متاثر ہوئے

عالم لوہار حادثے میں ہلاک ہو گئے!

انتخابی فہرستیں ۱۴ اگست کو شائع کی جائیں گی

سپانسر شپ سکیم کے تحت حج کے لئے ترسیل زر کی آخری تاریخ ۳۱ جولائی ہے

کراچی ۔۔۔۔ (اے پی پی) اسٹیٹ بینک نے اعلان کیا ہے کہ سپانسر شپ سکیم ۱۹۷۹ء کے تحت حج کے لئے بیرون ملک سے ترسیل زر کی وصولی کی آخری تاریخ ۳۱ جولائی ...

تباہ کن بجٹ پر قوم کا شدید احتجاج

یہ قوم کی پشت پر آخری کوڑا ہے (پروفیسر غفور) پیٹ پر پتھر باندھنے کی ابتدا اوپر سے کی جائے (محمود اعظم فاروقی) بجٹ سے پوری آبادی متاثر ہوئی ہے (خواجہ خیرالدین) بجٹ عام آدمی ...

صدر ضیا بجٹ پر نظرثانی کریں نئے ٹیکسوں اور کرائے میں اضافے کو ختم کیا جائے

عام آدمی کو کوئی رعایت نہیں دی گئی ۔ نجی شعبہ کی ترقی کی رفتار میں رکاوٹ پڑے گی

بجٹ پر پگاڑا گروپ، وزیر علی، یوسف مستی خان، اکبر باقی، عیسائی لیگ اور تاجر برادری کا شدید ردعمل

کراچی ۔۔۔ (اسٹاف رپورٹر) پی پی آئی نے وفاقی بجٹ پر جس میں پانچ ارب دس کروڑ روپے کے نئے ٹیکس لگائے گئے ہیں پوری قوم نے شدید احتجاج کیا ہے اور قومی رہنماؤں نے قوم کی ترجمانی کرتے ہوئے صدر جنرل محمد ضیاء الحق سے مطالبہ کیا ہے کہ بجٹ پر نظرثانی کی جائے اور نئے ٹیکسوں، محصولات اور کرایے میں اضافے کو ختم کیا جائے۔ امیر جماعت اسلامی میاں طفیل محمد نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجٹ سے عوام کی کمر ٹوٹ جائے گی اور یہ بجٹ اسلام کے تصور انصاف اور مساوات سے خالی ہے۔ این ڈی پی کے صدر سردار شیرباز خان مزاری نے کہا کہ یہ ظالم اور سنگدل نوکر شاہی کا انوکھا بجٹ ہے۔ جمعیت علمائے پاکستان کے سربراہ مولانا شاہ احمد نورانی نے اس بجٹ کو انتخابات ملتوی کرانے کی ایک سازش قرار دیا جب کہ قومی اتحاد کے رہنما پروفیسر غفور احمد نے کہا ہے کہ یہ بجٹ قوم کی پشت پر موجودہ حکومت کا آخری کوڑا ہے۔ اتحاد کے ایک اور رہنما جناب محمود اعظم فاروقی نے بجٹ کے نئے ٹیکسوں سے عوام پر پڑنے والے بوجھ پر شدید احتجاج کیا ہے اور کہا ہے کہ پیٹ پر پتھر باندھنے کی ابتدا اوپر سے کی جائے۔ خواجہ خیرالدین نے کہا کہ اس بجٹ سے پوری آبادی متاثر ہوئی ہے جناب شیر بخش امام نے کہا کہ یہ بجٹ عام آدمی کے لئے جان لیوا ہے۔ خان عبدالقیوم نے کہا کہ حکومت کے مسائل سے ناواقف ہے اور نا ناز کرانے کیا ہے کہ اس بجٹ سے عوام کے لئے روٹی اور مکان کے حصول کو خطرے میں ڈال دیا گیا ہے۔

لاہور پر بھارتی حملے کی اطلاع حکومت پاکستان کو بروقت دے دی گئی تھی

ایوب خان کو پیغام تاخیر یا وقت پر پہنچانے کے بارے میں تحقیقات کرائی گئی تھی

ایر چیف مارشل اصغر خان سے غلط فوجی اطلاعات کا کیس ...



بھارتی حملے کی پیشگی اطلاع نہیں دی گئی تھی

پاکستان میں فرانسیسی سفیر اور اوّل سیکرٹری پر مسلح افراد کا حملہ

سفیر کا دانت توڑ دیا گیا : کھوج پولیس ملزموں کو تلاش کر رہی ہے

اسلام آباد ۔۔۔ (ریڈیو رپورٹ) برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق پاکستان میں فرانس کے سفیر اور ایک دوسرے اعلیٰ سفارت کار پر بعض نامعلوم افراد نے حملہ کرکے شدید زدوکوب کیا بتایا گیا ہے کہ دونوں سفارت کار کہوٹہ کے علاقے کے دورے سے اسلام آباد واپس آ رہے تھے کہ بعض نامعلوم افراد نے ان کی کار روک کر دونوں سفارت کاروں کو گھسیٹ کر باہر نکالا اور لاتوں اور ٹھوکروں سے مار کر انہیں شدید زدوکوب کیا۔ پولیس کے ذرائع کے مطابق فرانسیسی سفارت کار کہوٹہ کے قلعہ کو دیکھنے گئے تھے۔

راولپنڈی سے ہمارے نمائندہ خصوصی کے مطابق پولیس تھانہ کہوٹہ گزشتہ روز فرانسیسی سفیر اور سفارت خانے کے ایک اول سیکرٹری پر حملہ آوروں کا سراغ لگانے کی کوشش کر رہی ہے اسی حملے میں فرانسیسی سفیر مسٹر ... کا ایک دانت ٹوٹ گیا تھا جبکہ اول سیکرٹری بے ہوش ہو گئے تھے۔ فرانسیسی سفیر نے کہوٹہ پولیس کو بتایا ہے کہ وہ کہوٹہ کا پرانا قلعہ دیکھنے گئے تھے واپسی میں ایک ٹرک اور زرد رنگ کی ایک ٹویوٹا کار میں سوار آٹھ افراد نے انہیں روک لیا اور لاتوں اور گھونسوں سے شدید زدوکوب کیا۔ پولیس نے زیر دفعہ ۳۴۲، ۳۲۳، ۳۴۳، ۳۳۷، ۳۷۹، ۵۰۶ مقدمہ درج کر لیا ہے کہوٹہ پولیس ملزموں کا سراغ لگانے کی کوشش کر رہی ہے۔

بھٹو کی قبر پختہ کر دی گئی

لاڑکانہ ۔۔۔ (پی پی آئی) ذوالفقار علی بھٹو کی قبر کو سیمنٹ سے پختہ بنا دیا گیا ہے اور اسے بارش اور موسمی اثرات سے بچانے کے لئے قبر پر سائبان بنا دیا گیا ہے۔

وفاقی حکومت ترقیاتی منصوبوں پر ۲۳ ارب روپے خرچ کرے گی

بجٹ نامہ



(صفحہ اول سے مسلسل)

۵ لاکھ روپے سے زیادہ اور ثقافت کھیلوں اور سیاحت کو فروغ دینے کے لیے ۸ کروڑ ۳ لاکھ روپے رکھے گئے ہیں۔ وزارت دفاع کے ترقیاتی منصوبوں پر ۱۹ لاکھ ۸۵ ہزار روپے اور وزارت تعلیم پر ۱۳ کروڑ ۳ لاکھ روپے خرچ کئے جائیں گے سب سے زیادہ رقم یعنی ایک ارب ۹ کروڑ ۵۹ لاکھ روپے زراعت و خوراک، امداد باہمی پر خرچ کئے جائیں گے علاوہ ازیں وزارت صحت و سماجی بہبود و تنظیم آبادی پر ۳۳ کروڑ ۸ لاکھ روپے اور وزارت صنعت پر ۳ کروڑ ۲۹ لاکھ ۱۰ ہزار روپے، وزارت مذہبی امور پر ایک کروڑ ۱۰ لاکھ روپے وزارت سائنس و ٹیکنالوجی پر ۲ کروڑ ۹۵ لاکھ روپے خرچ کئے جائیں گے۔ مالی کی مد سے ترقیاتی منصوبوں پر جو رقم خرچ کی جائے گی وہ اس کے علاوہ ہے۔

وفاقی وزیر خزانہ نے بتایا کہ مالی کی مد میں سے بھی حاصل کردہ رقوم ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کی جائیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ بجلی توانائی کے پروگرام پر ۴ کروڑ ۸ لاکھ روپے وزارت تجارت پر ڈھائی کروڑ روپے وزارت مواصلات پر ۱ ارب ۸ کروڑ ۴ لاکھ ۹۴ ہزار روپے خرچ ہوں گے۔ اس ضمن میں ادنی سول ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے لئے ۴۳ کروڑ ۳۰ لاکھ ۹۴ ہزار روپے مختص کئے گئے ہیں محکمہ ڈاک پر ۲ کروڑ ۵ لاکھ روپے جب کہ محکمہ تار و ٹیلیفون پر ۴ کروڑ ۵۰ لاکھ روپے خرچ کئے جائیں گے۔ بندرگاہ اور جہاز رانی کے شعبہ کے لئے ایک ارب پانچ لاکھ روپے رکھے گئے ہیں جب کہ اصلاحی تقریبات پر ۳۳ کروڑ ۹ لاکھ روپے خرچ کئے جائیں گے۔

وزارت ثقافت و سیاحت کے لیے دس کروڑ تیس لاکھ شہری ہوا بازی اور وزارت دفاع کے دوسرے امور کے لئے اس مد سے ۵۹ کروڑ ۹۰ لاکھ ۳۰ ہزار روپے مختص کئے گئے ہیں غذائی اجناس کو ذخیرہ کرنے پر ایک کروڑ ۹۰ لاکھ ۸۰ ہزار روپے جب کہ وفاقی دارالحکومت کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے ۳۴ کروڑ روپے رکھے گئے ہیں پٹرولیم اور قدرتی ذرائع کے لیے ۹۰ کروڑ ۲۵ لاکھ ۴۳ ہزار روپے جب کہ معدنی ترقی پر ۹۵ لاکھ روپے خرچ کئے جائیں گے وزارت سائنس اور ٹیکنالوجی کے لئے ایک کروڑ ۳۵ لاکھ ۸۰ ہزار روپے رکھے گئے ہیں تربیلا بند کے لئے سات کروڑ روپے جب کہ بجلی اور پانی کی وزارت کے لئے ایک ارب ۲ کروڑ ۹۹ لاکھ ۸۵ ہزار رکھے گئے ہیں۔

- بجلی فراہمی اور بجلی گرانٹ کے منصوبے کے لیے ۳۲۳،۳۱ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ اس ضمن میں ۱۶ ہزار بجلی کنکشن کی تنصیب اور چھ سو دیہات کو بجلی دینے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔
- نئے مالی سال کے دوران اٹک اور تونسہ کے پل کی تکمیل کرنے کا پروگرام وضع کیا گیا ہے جب کہ دادو موروپل، غازی گھاٹ پل، ڈیرہ اسماعیل خان، ڈیرہ غازی خان پل کے تعمیراتی مراحل کو ترقی دی جائے گی۔
- تعلیم و تربیت کے لئے ۹۹،۲۹ کروڑ روپے۔
- صحت کے شعبے کے لئے ۸۰،۲۸ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں جو کہ ۹۰ فیصد رواں مالی سال کے مقابلے میں زیادہ ہے۔
- بولان میڈیکل کالج کے منصوبے کی تکمیل کے لئے ۱۰۱ کروڑ روپے کی رقم رکھی گئی ہے۔
- اسلام آباد ہسپتال کی تکمیل کے پہلے مرحلے کے لئے ۲،۶ کروڑ روپے کی رقم مختص کی گئی ہے۔
- صحت کے شعبے میں ۱۰۰ دیہی صحت یونٹوں کی تعمیر ۲۵ بنیادی طبی یونٹوں کا قیام اور ہسپتالوں میں ۲۰۸۰ بستروں کا اضافہ نئے مالی سال میں کیا جائے گا۔

ترقیاتی اخراجات میں صوبوں کا حصہ

اسلام آباد ــــ (پ ر) وفاقی حکومت مختلف ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے لئے صوبائی حکومتوں کو چار ارب ۸۰ کروڑ روپے کی رقم دے گی۔ اتنی رقم پہلے کبھی نہیں دی گئی۔ اس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

پنجاب ـ ۲ ارب ۴۴ کروڑ روپے
سندھ ـ ۹۱ کروڑ ۱۰ لاکھ روپے
صوبہ سرحد ۹۰ کروڑ ۷۰ لاکھ روپے
بلوچستان ۴۳ کروڑ ۲۰ لاکھ روپے

سابقہ نظرثانی شدہ بجٹ کے مطابق صوبہ سرحد کو آئندہ مالی سال کے دوران ۵ کروڑ ۷۰ لاکھ روپے زیادہ دیئے جا رہے ہیں جبکہ دیگر تین صوبوں کی رقوم قدرے کم کر دی گئی ہیں۔

انکم ٹیکس کا نیا جدول

اسلام آباد ــــ (پی پی آئی) انکم ٹیکس کی نئی شرحوں کا جدول جس کا اعلان آج وفاقی وزیر خزانہ کی پریس کانفرنس میں کیا گیا، درج ذیل ہے۔

قابل ٹیکس آمدنی	انکم ٹیکس کی شرح
۱۰ ہزار روپے تک	۱۵ فیصد
۱۰ ہزار ایک روپے سے ۱۵ ہزار روپے تک، ۱۵ سو روپے جمع ۱۰ ہزار روپے سے زائد آمدنی کا ۲۰ فیصد	
۱۵ ہزار ایک روپے سے ۲۰ ہزار روپے تک، ڈھائی ہزار روپے جمع ۱۵ ہزار روپے سے زائد آمدنی کا ۲۵ فیصد	
۲۰ ہزار ایک روپے سے ۲۵ ہزار روپے تک، ۳ ہزار ۷۵۰ روپے جمع ۲۰ ہزار روپے سے زائد آمدنی کا ۳۵ فیصد	
۲۵ ہزار ایک روپے سے ۳۰ ہزار روپے تک، ساڑھے پانچ ہزار روپے جمع ۲۵ ہزار روپے سے زائد آمدنی کا ۴۰ فیصد	
۳۰ ہزار ایک روپے سے ۶۰ ہزار روپے تک، ساڑھے سات ہزار روپے جمع ۳۰ ہزار روپے سے زائد آمدنی کا ۵۰ فیصد	
۶۰ ہزار ایک روپے سے ایک لاکھ روپے تک، ساڑھے ۲۲ ہزار روپے جمع ۶۰ ہزار روپے سے زائد آمدنی کا ۵۵ فیصد	
ایک لاکھ ایک روپے اور اس سے زیادہ آمدنی پر ساڑھے چالیس ہزار روپے جمع ایک لاکھ روپے سے زائد آمدنی کا ۶۰ فیصد	

سالانہ ترقیاتی پروگرام کے اہم نکات

راولپنڈی ــــ (اے پی پی) وفاقی وزیر خزانہ مسٹر غلام اسحاق خان نے اپنی بجٹ تقریر میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کا حسب ذیل خاکہ پیش کیا۔

اگلے مالی سال کے لیے سالانہ ترقیاتی پروگرام کی مد میں ۱۸۷ کروڑ روپے کی رقم مختص کی گئی ہے۔

سالانہ ترقیاتی پروگرام کے سلسلے میں ۳۰۰،۴ کروڑ روپے کی رقم بجٹ کے وسائل سے مہیا کی جائے گی۔

کارپوریشنز اور خود مختار اداروں کے لیے ان کے اپنے وسائل یا دیگر ذرائع سے رقم کی مد ۱۵۷ کروڑ روپے مختص کی گئی ہے۔

سالانہ ترقیاتی پروگرام کی رقم ۳۰۰،۴ کروڑ روپے میں سے ۴۵۰ کروڑ روپے کی رقم صوبوں کے لیے ہوگی جسے وہ خود خرچ کریں گے۔

کراچی سٹیل ملز کے لیے ۲۸۴ کروڑ روپے کی رقم مختص کی گئی ہے جس کے علاوہ ۵۰ کروڑ روپے کی رقم بنک کریڈٹ سے مہیا کی جائے گی۔ کراچی سٹیل ملز کے لیے ۵۹ کروڑ روپے کی مختص رقم سے ملز مالی سال ۸۰-۱۹۷۹ء کے دوران پہلے مرحلے میں پیداوار شروع کر دے گا۔

نئے مالی سال کے دوران دو نئی سیمنٹ فیکٹریوں کی تکمیل کی جائے گی۔

نئے مالی سال کے دوران دیہات میں بجلی پہنچانے کا ہدف آٹھ سو دیہات سے بڑھا کر ۲ ہزار دیہات تک بڑھا دیا گیا ہے۔

بڑے شہروں میں ۳۲۲ اضافی بسیں لا کر انہیں مناسب مرمت کر کے بسوں کے فلیٹ میں اضافہ کیا جائے گا۔

- سمال بزنس فنانس کارپوریشن کے لئے قرضے کی گنجائش بڑھا دی گئی ہے، جس میں گھریلو صنعتوں اور چھوٹی صنعتوں کے نئے رعایتی قرضہ جات ایک لاکھ پچاس ہزار روپے تک ہوں گے۔
- زرعی شعبے کے لئے مالی وسائل کی حد ۱۰۹ کروڑ روپے سے بڑھا کر ۱۵۰ کروڑ کر دی گئی ہے۔
- نئے مالی سال کے نئے کیمیاوی کھاد کا پیداواری تخمینہ ایک ملین ٹن مقرر کیا گیا ہے۔
- زرعی تحقیقاتی پروگرام کے لئے ۷۷،۴ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں جبکہ رواں مالی سال کے لئے یہ رقم ۳،۵ کروڑ روپے تھی۔
- پانی کے شعبے ... ۳۰۷،۱۸۱ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ اس رقم میں ... کی رقم شامل نہیں ہے۔
- نئے مالی سال ... پانی کے شعبے میں مختص رقم ... ۳۰۲ فیصد زیادہ ہے۔
- ... کے لئے ۱۴۰،۰۰ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں جو ... کے مقابلے میں ۱۹،۲ فیصد زیادہ ہیں۔
- توانائی کے شعبے ... ۳۵۶ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔
- تیل کے لئے ... مختص کئے گئے ہیں جو کہ ... رواں سال ... فیصد زیادہ ہے۔
- صنعتی شعبے کے لئے ... ۳۲۰،۴ کروڑ روپے کی رقم مختص کی گئی ہے جو ... کے مقابلے میں ... فیصد زیادہ ہے۔
- مواصلات اور ... کے لئے ... کروڑ روپے کی رقم مختص کی گئی ہے۔
- پبلک ہاؤسنگ کے ... کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں ...

غلام اسحاق خاں اور بجٹ بنانے والے دیگر ذمہ داروں کو بے نقاب کیا جائے

بجٹ کو منسوخ نہ کیا گیا تو زبردست معاشی تباہی سے بچنا مشکل ہے: ایوان میں تقریر

کراچی ــــ (کامرس رپورٹر) ایوان صنعت و تجارت کراچی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ نئے وفاقی بجٹ کو صدارتی حکم کے تحت منسوخ کر دیا جائے۔ آج ایوان کی تاریخ میں پہلی بار بجٹ پر غور کرنے کے لئے جنرل باڈی کا اجلاس طلب کیا گیا جس نے ایک قرارداد متفقہ طور پر منظور کی جس کے مطابق اگر حکومت نے دو روز تک بجٹ منسوخ کرنے کا اعلان نہیں کیا تو دو تاریخ کو ایوان کی جنرل باڈی کا اجلاس دوبارہ منعقد ہوگا جس میں آئندہ کے لیے لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ ادھر اسٹاک ایکسچینج کی جنرل باڈی کے اجلاس میں مقامی تاجروں نے نئے بجٹ پر شدید غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے اسے تباہ کن اور خالص نوکر شاہی کا بجٹ قرار دیا۔ ایوان کے صدر ... نے کہا کہ اس بجٹ سے تمام طبقات کے مصائب میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ نظر ثانی شدہ بجٹ معاشی ترقی کے لئے تباہی کا سبب ثابت ہوگا۔ ... نے جنرل باڈی سے خطاب کیا۔ ... اے حبیب احمد، ایس ایم یوسف کے علاوہ دیگر صاحبان نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے مطالبہ کیا کہ غلام اسحاق کے علاوہ بجٹ بنانے والے دیگر افراد کو بھی بے نقاب کیا جائے اور انہیں سزا دی جائے۔ مقررین نے کہا کہ اگر یہ بجٹ نافذ کیا گیا تو معاشی تباہی سے بچنا مشکل ہے۔ بعض مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اگر بجٹ منسوخ نہ کیا گیا تو وہ ہڑتال کریں گے ... اور صنعت ... کی پالیسی پر عمل ...

کرنسی کی قیمت کم نہیں کی جائے گی

اسلام آباد ــــ (پی پی آئی) وفاقی وزیر خزانہ غلام اسحاق خان نے آج ان افواہوں کی سختی سے تردید کی ہے کہ پاکستانی کرنسی کی قیمت کم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بجٹ کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اس بات کی بھی تردید کی کہ پاکستانی روپیہ سعودی ریال سے وابستہ کیا جا رہا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت سونے کو قومی ملکیت میں لینا نہیں چاہتی۔ انہوں نے کہا کہ سونے کی قیمت میں اضافہ صرف پاکستان تک محدود نہیں بلکہ دنیا بھر میں ہوا ہے اور اس سے یہ نتیجہ نہیں لینا چاہیے کہ روپے کی قیمت کم کی جا رہی ہے۔



انوکی نے زبیر کا ہاتھ کیا اُٹھایا، بھولو برادران نے آسمان سر پر اُٹھا لیا

گرمی نے انوکی کے سارے داؤ پگھلا دیئے

تحریر: اطہر ہاشمی

باہر ایک طرف کشتی شروع ہو رہی تھی جس میں دل بھر جل رہے ... وہاں پر بھانت بھانت کی بولیاں تھیں۔ ہمارے پڑوسی نعمت صاحب ایسے کہ سب باتیں اپنی جگہ مگر ہمیں تو یہ پسند نہیں کہ پہلوان ٹھوڑی تاخیر کے ساتھ آیا ہے۔ دوسری طرف انوکی بڑا تیور معلوم ہوتا ہے۔ ... انوکی ہے ایک ... داؤں کیا ہوئے۔

دوسرے دن معلوم ہوا کہ گرمی زیادہ تھی انوکی کے سب داؤ پگھل گئے ... ہمارا ملازم ... سے نہیں لڑا۔

انوکی جیت سنگھ

کشتی نے سارا

بھانڈا پھوڑ دیا

اب صاحب ہم ایک ... اس کشتی کو کیا سمجھیں۔ ہماری ہمدردیاں تو اب تک ...

ہمیں بڑا ارمان تھا کہ جھارا اور انوکی کی کشتی دیکھی جائے۔ ہم دل سے چاہتے تھے کہ یہ جاپانی پاکستان سے ... صاحب کیا کیا جائے۔ جس وقت کشتی آ رہی تھی ہم اپنے کام میں ایسے مصروف تھے کہ یہ شاندار مقابلہ دیکھ ہی نہ سکے، ناچار ریڈیو پر سنا ... بات کو گویا ... اپنے کام سے ...

فارغ ہو کر گھر کو چلے اور راستے بھر تبصرے سنتے گئے۔ ... ایک صاحب نے یہ سنایا کہ جھارا جیت گیا۔ انوکی نے خود اس کا ہاتھ بلند کر کے اُسے فاتح مان لیا۔ بڑی خوشی ہوئی ... ہم نے تو باقاعدہ نذر ... کرائی ... جھارا کے لیے دعا مانگی تھی کہ یہ نہ صرف پاکستان کے بلکہ مسلمانوں کے وقار کا سوال بھی تھا ... کرکٹ ٹیم کا ... انگلستان ... گھنٹے تک ملال رہا۔

لیکن اس تبصرے کے فوراً بعد ... صاحب ... انوکی نے ... ہاتھ اٹھوایا تھا ...

انوکی اور اجیت سنگھ کا مقابلہ!


گذشتہ مارچ ٹیلی ویژن پر ہم نے بھی انوکی اور اجیت سنگھ کا مقابلہ بلکہ "مقاتلہ" دیکھا ہے ...


ان دونوں پہلوانوں میں یہ شدید معاندانہ قسم کی جنگ ...

مذکورہ مقابلے سے ایک روز قبل ہم نے انوکی اور جھارا پہلوان کا مقابلہ بھی ٹیلی ویژن پر دیکھا تھا۔ اگر سچ پوچھیں تو اس مقابلے کے دوران ہمیں انوکی، انوکی جیسی لگتا تھا اور جھارا، جھارا نہیں لگتا تھا بلکہ ...

... اور اس کے ساتھ ہی اپنا اترا ہوا بازو دیا دیا جاتا تھا!

... لگئے تو اس ریفری نے مقابلے کے ختم ہونے کا اعلان کر دیا تاکہ یہ پہلوان آئندہ پھر کسی اکھاڑے میں ایک دوسرے کے مقابل اتر سکیں۔ مغرب کے اس ریفری نے برا کیا، بلکہ بہت اچھا کیا۔ کہ مغرب کی امن پسندی کا تقاضہ ہمیشہ سے یہی رہا ہے۔





انوکی کس محبت سے خود کو جھارا کی گرفت میں دیئے ہوئے ہے۔



ہاشم خان، عزیز، گل، محمد اسلم اور شریف اور ان کی اہلیہ جیکی کے ہمراہ

سکویش کا چیمپئن پاکستانی خاندان

محمد افضل خان

پچھلے تیس سال سے پشاور کا خان خاندان سکواش کے کھیل پر چھایا ہوا ہے۔ پہلے ہاشم (جو اب ساٹھ کے پیٹے میں ہے) اور اس کے بھائی، بھانجے اور بھتیجے۔ اور اب اس کا سب سے بڑا بیٹا شریف اس کھیل میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ پچھلے ماہ ورلڈ سکواش سیریز کے نارتھ امریکن ٹورنامنٹ میں خیال کیا جا رہا تھا کہ شریف اب ختم ہو رہا ہے۔ ... شریف ...

... میں سے ایک ہے۔ پاکستان میں مقیم برطانوی افسروں نے ہاشم کو یہ کھیل سکھایا تھا۔ ہاشم نے ... برٹش چیمپئن شپ ... امریکن اوپن بھی شامل ہیں۔ شریف نے ... سکواش ایک ... کھیل خیال کیا جاتا تھا ... ہاشم کا اپنا ... آج تک اس جیسا کوئی کھلاڑی پیدا نہیں ہوا۔

شریف نے سکواش سکالرشپ حاصل کر کے برطانیہ میں تعلیم حاصل کی، پھر وہ ڈیٹرائٹ آ گیا، اور ... سال کی عمر میں پروفیشنل بن گیا۔ ۱۹۶۹ء میں اس نے پہلا نارتھ امریکن ٹورنامنٹ جیتا۔ ...

... پشاور میں پیدا ہونے والا شریف، ہاشم کے بارہ بچوں ...

ہفت روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

ٹورانٹو کینیڈا

اسلامی افکار و بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد ۸ | ۲۰ شعبان ۱۳۹۹ھ | ۱۵ جولائی ۱۹۷۹ء | شمارہ ۹

وفاقی بجٹ میں ۵ ارب دس کروڑ روپے کے ٹیکس

بناسپتی گھی، گیس اور مشروبات کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا

پٹرول اور مٹی کے تیل پر ۲۵ پیسے فی لیٹر، بناسپتی گھی پر ایک روپیہ پانچ پیسے فی کلوگرام، سیمنٹ فی ٹن ۱۵ روپے، خشک دودھ پر ۵۰ فیصد، مشروبات پر ۲۵ پیسے فی بوتل، قدرتی گیس پر ۲۹ پیسے فی میٹر

پان کی درآمد پر ۲۵ فی صد سیلز ٹیکس اور ریلوے کے اول اور دوم درجے کے کرائے میں ۲ فی صد اضافہ کر دیا گیا

سلائی مشین، ریڈیو، ٹیپ ریکارڈر، ٹیلیویژن، ریفریجریٹر اور ائیر کنڈیشنر پر سے ایک سو فیصد ڈیوٹی اٹھا دی گئی

دیسی مشروبات میں ۲۰ فی صد چھوٹ دے دی گئی

ہر قسم کے سیکنڈ ہینڈ کپڑوں، کمبلوں اور ٹوپیوں کو ڈیوٹی اور سیلز ٹیکس سے مستثنیٰ کر دیا گیا

اسلام آباد ——— (اے پی پی) وفاقی حکومت نے ۸۰-۱۹۷۹ء کے بجٹ میں پانچ ارب دس کروڑ روپے کے نئے ٹیکس لگانے کا اعلان کیا ہے۔ وزیر خزانہ نے آج اپنی بجٹ تقریر میں نئے ٹیکسوں کی تفصیل بیان کرتے ہوئے بتایا کہ بناسپتی گھی، سیمنٹ، مٹی کا تیل، ڈیزل، پٹرول، قدرتی گیس اور مشروبات پر ٹیکسوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ ریلوے کے اول اور دوم درجے کے کرائے میں ... [illegible]

ہے اور بھاری نرخوں پر درآمد کیا جاتا ہے وزیر خزانہ نے عالمی منڈیوں میں تیل کے نرخوں میں اضافے کی تفصیل بیان کی اور کہا کہ ۸۰-۱۹۷۹ء کے دوران اندازاً ... کروڑ ... لاکھ ڈالر کا تیل درآمد کرنا پڑے گا۔ ان حالات میں تیل کی مصنوعات کی قیمت میں پچیس پیسے سے پچاس پیسے فی لیٹر اضافہ کیا جا رہا ہے ... [illegible]

سات سالہ جمود ٹوٹ رہا ہے اور اقتصادی شعبے میں جان پڑ گئی ہے

بعض ملکوں کی طرف سے پاکستان کی امداد بند کر دینا افسوسناک ہے: ہم چیلنج کا مقابلہ کریں گے

یہ موجودہ حکومت کا آخری بجٹ ہے: وزیر خزانہ غلام اسحٰق خان کی بجٹ تقریر

اسلام آباد ——— (اے پی پی) وفاقی حکومت آئندہ مالی سال کے دوران ترقیاتی منصوبوں پر ... ارب روپے کی ریکارڈ رقم خرچ کرے گی۔ یہ رقم گزشتہ برس کے پیش کردہ بجٹ کے مقابلے میں چار ارب روپے زیادہ ہے۔ اس رقم میں سے وفاقی حکومت مختلف محکموں پر ... ارب ... کروڑ ... لاکھ روپے ... [illegible]

ترقیاتی منصوبوں پر خرچ

[illegible]

(باقی صفحہ ... پر)

کینیڈا اور ویٹ نام کے مہاجرین

صفحہ ... پر اداریہ ملاحظہ کیجئے

بجٹ ایک نظر میں!

کل مجموعی ایپاتی آمدنی	۳۳۲۲۰	ملین روپے
صوبوں کو منتقل کی جانے والی رقم	۴۵۸۹	" "
خالص وفاقی ایپاتی آمدنی	۲۸۶۳۱	" "
جز ترقیاتی ایپاتی اخراجات	۲۹۱۳۰	" "
فاضل رقم برائے پروگرام	۵۰۹—	" "
آمدنی بمد سرمایہ	۸۴۵۹	" "
سرمایہ جاتی ادائیگیاں	۶۹۰۲	" "
خود مختار اداروں کے اپنے وسائل	۱۲۹۳	" "
غیر ملکی امداد	۱۰۲۵۸	" "
ترقیاتی پروگرام	۳۳۰۰۰	" "
وفاقی حکومت (مجموعی)	۲۱۱۳۷	" "
سالانہ ترقیاتی منصوبہ برائے کراچی	۲۹۹۲	" "
وفاقی حکومت (خالص)	۱۸۵۰۰	" "
کل وسائل	۱۱۸۹۸	" "
کمی	۱۱۱۰۲	" "
